## سوال

(51)ناخن کاٹنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ناخن کاٹنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں : ''مستحب یہ ہے کہ پاؤں سے پہلے ہاتھوں کے ناخن اتارے جائیں۔ دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے شروع کرکے چھوٹی انگلی کی طرف آئے پھر انگوٹھے کا ناخن اتارے پھر بائیں ہاتھ کی چھوٹی اگلی سے شروع کرکے آخر تک اتار دے۔ پھر دائیں پاوں کی چھوٹی انگلی سے شروع کرے اور بائیں پاؤں کی چھوٹی انگلی پر ختم کرے۔'' نیل الاوطار:۱۲۴/۱

واضح ہوکہ یہ تفصیل کسی حدیث سے معلوم نہیں ہوسکی تاہم آپﷺ کی عادتِ مبارک تھی کہ پسندیدہ کام دائیں طرف سے شروع کرتے اوراس کے برخلاف بائیں طرف سے۔ (نیل الاوطار، سبل السلام)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### کتاب الطہارۃ:صفحہ:111

محدث فتویٰ